# Rajasthan Public Service Commission - 2016

**Paper : Farsi-II**

Ques: 150
Time: 3 Hours

---

Ques # :1

اقبالؔ نے کس شاعر سے شرفِ تلمذ حاصل کیا؟

1) امیرؔ مینائی

2) شیخ نور محمد

3) داغؔ

4) میر حسنؔ

---

Ques # :2

اقبالؔ نے کس یونیورسٹی سے Ph.D کی ڈگری حاصل کی؟

1) میونخ یونیورسٹی

2) ایران یونیورسٹی

3) پنجاب یونیورسٹی

4) آکسفورڈ یونیورسٹی

---

Ques # :3

''خزائن الفتوح'' کس کی تصنیف ہے؟

1) نصیرالدین طوسیؔ

2) حسنؔ سنجری

3) امیرؔ خسرو

4) محمود غزنوی

---

Ques # :4

''خزائن الفتوح'' کا انگریزی میں کس نے ترجمہ کیا؟

1)

پروفیسر محمد حبیب

2) حافظ محمود شیرانی

3) پروفیسر ماگولیتھ

4) شبلی نعمانی

---

Ques # :5

''لوامع الاشراق فی مکارم اخلاق''

یہ کس کتاب کا اصلی نام ہے؟

1) گلستان

2) اخلاق ناصری

3) اخلاقِ جلالی

4) اخلاقِ محسنی

---

Ques # :6

''اخلاقِ جلالی'' کا مصنف کون ہے؟

1) جلال الدین دوّانیؔ

2) جلال الدین رومیؔ

3) جلال الدین رومیؔ

4) جلاالدین اکبر

---

Ques # :7

''مقدمہ شعر وشاعری'' کس کی تصنیف ہے؟

1) حافظ محمود شیرانی

2) مظہر محمود شیرانی

3) مولانا الطاف حسین حالیؔ

4) شبلی نعمانی

Ques # :8

عرفی شیرازی کا پورا نام کیا ہے؟

1) جلال الدین

2) جمال زادہ

3) جمال الدین محمد

4) محمد محتشم

Ques # :9

''کیمائے سعادت'' کس کی تصنیف ہے؟

1) عبداللہ

2) سعدی شیرازی

3) امیر کیکاؤس

4) امام غزالی

Ques # :10

''بوستان'' کتنے ابواب پر مشتمل ہے۔

1) ۲۰

2) ۱۰

3) ۸

4) ۴۰

Ques # :11

''گلستان'' کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟

1) ۸

2) ۹

3) ۲۰

4) ۱۰

Ques # :12

’درسیرتِ پادشاہان‘ کس کتاب کا باب ہے؟

1) بوستان

2) اخلاقِ محسنی

3) تاریخِ جلالی

4) گلستان

---

Ques # :13

امیر خسروؔ کس کے مرید تھے؟

1) بندہ نواز گیسو دراز

2) حضرت نظام الدین اولیاء

3) داتا گنج بخش

4) خواجہ معین الدین حسن چشتی

---

Ques # :14

امیر خسروؔ نے ’’خمسہ‘‘ کس کی تقلید پر لکھی؟

1) قاآنیؔ

2) خاقانیؔ

3) سعدیؔ

4) نظامیؔ

---

Ques # :15

مندرجہ ذیل شعر کس کا ہے؟

ندیدم خوش تراز شعرِ تو حافظ

بقرآنی کہ تو در سینہ داری

1)

سعدؔی

2) شمس تبریزی

3) شمس الدین محمد شیرازی

4) رومؔی

Ques # :16

خاکِ مصلّٰی کس شاعر کی تاریخِ وفات ہے؟

1) سعدؔی شیرازی

2) امیر خسؔرو

3) حافظ شیرازؔی

4) عرفؔی شیرازی

Ques # :17

''دور بینی'' نظم کے شاعر کون ہیں؟

1) بہاؔر

2) پروین

3) سعدؔی

4) نظامؔی

Ques # :18

منؔوچہری کہاں کا باشندہ تھا؟

1) دامغان

2) شیراز

3) بلخ

4) یزد

---

Ques # :19

ایران کی قومی داستان اور تاریخ کو زندہ رکھنے والا کون تھا؟

1) محمود غزنوی

2) فردوسی

3) عنصری

4) فرخی

---

Ques # :20

''حدیقۃ الحقیقہ'' کس کی مثنوی ہے؟

1) فردوسی

2) سنائی

3) عطاّر

4) رومی

---

Ques # :21

خیّام کا پورا نام کیا تھا؟

1) ابوسعید

2) مسعود سعد

3) جلال الدین

4) ابوالفتح عمر بن ابراہیم

---

Ques # :22

خیام کس دور کے شاعر ہیں؟

1) سلجوقی

2)

غزنوی
3) مغل
4) صفاری

---

Ques # :23

''تاریخ ادبیاتِ ایران'' کے مصنف کا کیا نام ہے؟
1) ملک الشعراء بہارؔ
2) رضازادہ شفقؔ
3) مبارزالدین رفعتؔ
4) علی اصغر حکمت

---

Ques # :24

قصیدہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟
1) موٹا گودا
2) سخن بازنان
3) قصّہ گوئی
4) قصّہ کوتاہ

---

Ques # :25

''در وصفِ کشمیر'' کس کا قصیدہ ہے؟
1) سعدیؔ
2) امیر خسروؔ
3) فیضیؔ
4) عرفیؔ

---

Ques # :26

مندرجہ ذیل رباعی کس شاعر کی ہے؟

| | |
|---|---|
| آمد سحرے نداز میخانۂ ما | کای رند خراباتی و دیوانۂ ما |
| برخیز کہ پُر کنیم پیمانۂ زمے | زان پیش کہ پُر کنند پیمانۂ ما |

1) عمر خیام

2) خسرو

3) ابنِ یمین

4) سعدی شیرازی

---

Ques # :27

''شعرالعجم'' کے مصنف کون ہیں؟

1) حالی

2) شبلی نعمانی

3) محمود شیرانی

4) جنید بغدادی

---

Ques # :28

''تنقیدِ شعرالعجم'' کے مصنف کون ہیں؟

1) حافظ محمود شیرانی

2) اختر شیرانی

3) مظہر محمود شیرانی

4) عزیز اللہ شیرانی

---

Ques # :29

رباعی میں کتنے شعر ہوتے ہیں؟

1) چار

2) دو

3) چھ

4) آٹھ

---

Ques # :30

جامؔی کہاں پیدا ہوئے؟

1) جام

2) جم

3) جمشید پور

4) باژ

---

Ques # :31

جامی کون سے سلسلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

1) قادریہ

2) چشتیہ

3) سہروردیہ

4) نقشبندیہ

---

Ques # :32

نویں صدی میں ایران کے آخری بڑے صوفی شاعر کون ہیں؟

1) رومؔی

2) جامؔی

3) سعدؔی

4) حافؔظ

---

Ques # :33

مندرجہ ذیل شعر کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

سپیدہ ہم آنکہ زکہ بردمید　　　　میانِ شبِ تیرہ اندر خمید

1) غزل

2) قصیدہ

3) مثنوی

4) مرثیہ

---

Ques # :34

جامؔی نے امیر علی شیر نوائی کی فرمائش پر کون سی کتاب لکھی؟

1) نفحاۃ الانس

2) لوائح

3) لوامع

4) شواہد النبوۃ

---

Ques # :35

جامؔی نے گلستانِ سعدؔی کی طرز پر کون سی کتاب لکھی؟

1) اشعۃ اللّمعات

2) بہارستان

3) گلستانِ جامؔی

4) پریشان

---

Ques # :36

عرفؔی کہاں پیدا ہوئے؟

1) لاہور

2) دہلی

3) شیراز

4)

ہمدان

---

Ques # :37

چندر بھان برہمن کہاں فوت ہوئے؟

1) دہلی

2) بنارس

3) لاہور

4) آگرہ

---

Ques # :38

تاریخ ادبیات ایران شفق کا اردو ترجمہ کس نے کیا؟

1) امیر خسروؔ

2) حالیؔ

3) محمود شیرانی

4) سید مبارز الدین رفعت

---

Ques # :39

مندرجہ ذیل شعر کس کا ہے۔

ساقی بنورِ بادہ برافروز جام ما

مطرب بگو کہ کارِ جہان شد بکام ما

1) جامیؔ

2) حافظؔ

3) خسروؔ

4) خواجو کرمانی

Ques # :40

مندرجہ ذیل شعر کس کا ہے۔

دل سراپردۂ محبت اوست　　　　دیدہ آئینہ دارِ طلعتِ اوست

1) سعدیؔ

2) فغانی

3) حافظؔ

4) خسروؔ

---

Ques # :41

آنندرام مخلصؔ کو کیا خطاب عطا ہوا تھا؟

1) رائے رایان

2) میرزا

3) خواجہ

4) رائے راجہ

---

Ques # :42

چمنستان کس کی تصنیف ہے؟

1) چندر بھان برہمن

2) آنندرام مخلصؔ

3) لچھمی نرائن شفیقؔ

4) بھگوان داس ہندیؔ

---

Ques # :43

آنندرام مخلصؔ نے سب سے پہلے شاعری میں کس سے اصلاح لی؟

1) میرزا بیدلؔ

2) خان آرزوؔ

3) شرف الدین پیامؔ

4) غلام علی نسیمؔ

Ques # :44

قصیدہ کے کتنے اجزائے ترکیبی ہوتے ہیں؟

1) ایک
2) دو
3) چہار
4) دہ

Ques # :45

مندرجہ ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

بسے رنج بردم دریں سالِ سی      عجم زندہ کردم بدیں پارسی

1) حافظؔ
2) سعدیؔ
3) عنصریؔ
4) فردوسیؔ

Ques # :46

تاریخ بیہقی کس نام سے موسوم ہے؟

1) تاریخ سلجوقی
2) تاریخ مسعودی
3) تاریخ غزنویہ
4) تاریخ ناصری

Ques # :47

منوچہریؔ کس دور کا شاعر تھا؟

1) صفاری دور
2) طاہری دور
3) سامانی دور
4) غزنوی دور

Ques # :48

انوری کس دور کا شاعر ہے؟

1) غزنوی

2) سامانی

3) سلجوقی

4) صفاری

Ques # :49

انوری کس صنفِ سخن کا شاعر تھا؟

1) مرثیہ

2) رباعی

3) مثنوی

4) قصیدہ

Ques # :50

خاقانی کہاں پیدا ہوا تھا؟

1) شیراز

2) شروان

3) طوس

4) نیشاپور

Ques # :51

ایشیا کا اپیکورس (EPICURUS) کس کو کہا جاتا ہے؟

1) غالبؔ

2) اقبالؔ

3) خسروؔ

4) عمر خیامؔ

Ques # :52

شاہنامۂ فردوسی کس بحر میں ہے؟

1) ہزج

2) رمل

3) متقارب

4) رمل مسدس محذوف

---

Ques # :53

نہ سپہر کس نے لکھی؟

1) خیام

2) طوسی

3) خسرو

4) اقبال

---

Ques # :54

عمر خیام کے زمانہ میں سلجوقی بادشاہ کے وزیر کا کیا نام تھا؟

1) خواجہ نظام الملک

2) سنجر

3) ابوسعید

4) ناصرالدین

---

Ques # :55

عمر خیام نے ساسانی بادشاہوں کے رسم ورواج اور آداب کے بارے میں کونسی کتاب لکھی؟

1) تحریر اقلیدس

2) نوروزنامہ

3) اخلاق ناصری

4)

تقویم

Ques # :56

خیاؔم کی ''جبر ومقالہ'' کس فن پر لکھی ہوئی کتاب ہے؟

1) شکار

2) تقویم

3) ریاضی

4) اخلاق

Ques # :57

مندرجہ ذیل رباعی کس شاعر کی ہے؟

از دی کہ گذشت ہیچ از و یاد مکن | فردا کہ نیامدہ است فریاد مکن

برنامدہ و گذشتہ بنیاد مکن | حالی خوش باش و عمر بر باد مکن

1) ابن یمیںؔ

2) سعدیؔ

3) اقبالؔ

4) خیاؔم

Ques # :58

مندرجہ ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

دل می رود کہ دستم صاحب دلان خدارا

دردا کہ راز پنہان خواہد شد آشکارا

1) سعدیؔ

2) حسنؔ سنجری

3) حافظؔ

4) خسروؔ

---

Ques # :59

امیر خسروؔ کس سلسلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

1) سہروردیہ

2) نظامیہ

3) چشتیہ

4) قادریہ

---

Ques # :60

امام غزالی کا تعلق کس دور سے ہے؟

1) سلجوقی

2) سامانی

3) صفاری

4) غزنوی

---

Ques # :61

رباعی عربی کے کس لفظ سے بنی ہے؟

1) رُبع

2) ثلث

3) خمسہ

4) عشرہ

---

Ques # :62

''پیامِ مشرق'' کس کی تصنیف ہے؟

1) براؤن

2) اقبالؔ

3) خسروؔ

4) آنند رام مخلصؔ

---

Ques # :63

اقبال کی مثنوی ''اسرارِ خودی'' کا انگریزی میں کس نے ترجمہ کیا؟

1) آرنلڈ

2) سر عبدالقادر

3) نذیر احمد بنارسی

4) آر۔اے۔ نکلسن

---

Ques # :64

عطا ملک جوینی کہاں دفن ہوئے؟

1) شیراز

2) ہندوستان

3) سرخاب

4) عرب

---

Ques # :65

''جامع التواریخ'' کا مصنف کس کے حکم سے قتل کیا گیا؟

1) سلطان ابوسعید

2) سلطان سنجر

3) چنگیز خاں

4) ہلاکو خاں

---

Ques # :66

''محاورہ مابین خدا و انسان'' کس کی نظم ہے؟

1) خسرو
2) سرمد
3) اقبال
4) سعدی

---

Ques # :67

مندرجہ ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

نمی دانم چہ منزل بود شب جائے کہ من بودم

بہر سو رقصِ بسمل بود شب جائے کہ من بودم

1) سرمد
2) اقبال
3) خسرو
4) بسمل

---

Ques # :68

مندرجہ ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

اگر آن ترکِ شیرازی بدست آرد دل مارا

بخالِ ہندوش بخشم سمرقند و بخارا

1) خسرو
2) حافظ
3) سعدی
4) فردوسی

---

Ques # :69

آنندرام مخلص کہاں کا رہنے والا تھا؟

1) سیالکوٹ

2) اجمیر

3) پٹنہ

4) آگرہ

---

Ques # :70

مندرجہ ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

اے چہرۂ زیبای تو رشک بتان آذری

ہر چند وصفت کنم در حسن زان بالاتری

1) حافظ

2) سعدی

3) اقبال

4) خسرو

---

Ques # :71

امیر خسرو نے کتنے بادشاہوں کا زمانہ دیکھا تھا؟

1) ہفت

2) پنج

3) یک

4)

چہار

---

Ques # :72

ستار کی ایجاد کس نے کی؟

1) اکبر
2) تان سین
3) امیر خسرو
4) ولی دکنی

---

Ques # :73

اقبال کی شاعری کی بنیاد کس فلسفہ، تصور پر ہے؟

1) تصور بیخودی
2) تصور انسانی
3) تصور اخلاق
4) تصور خودی

---

Ques # :74

مثنوی کس زبان کا لفظ ہے؟

1) عربی
2) فارسی
3) اردو
4) ہندی

---

Ques # :75

مرثیہ کس لفظ سے بنا ہے؟

1) مثنیٰ
2) رسا

3) رثاء
4) مَرضیہ

---

Ques # :76

فارسی کے پہلے مرثیہ گوشاعرکون ہیں؟

1) محتشم
2) قاآنی
3) سعدی
4) شیخ آذری

---

Ques # :77

اقبالؔ کہاں پیدا ہوئے؟

1) کشمیر
2) سیال کوٹ
3) دہلی
4) لاہور

---

Ques # :78

اقبالؔ کے والد کا کیا تھا؟

1) شیخ غلام قادر
2) شیخ نور محمد
3) شیخ عطا محمد
4) شیخ رفیق

---

Ques # :79

بنی آدم اعضای یکدیگر اند

کہ در آفرینش ز یک جوہر اند

1) حافظ

2) جامی

3) سعدی

4) سنائی

---

Ques # :80

پری خانہ تصنیف ہے؟

1) چندر بھان برہمن

2) آنندرام مخلص

3) منشی مادھورام

4) منشی ٹیک چند بہار

---

Ques # :81

قران السعدین ہے؟

1) مثنوی

2) تاریخ

3) تذکرہ

4) ملفوظات

---

Ques # :82

آسائش دو گیتی تفسیر این دو حرفست

با دوستان تلطف با دشمنان مُدارا

1)

ابوسعید ابوالخیر

2) سعدی

3) خواجہ عبدانصاری

4) حافظ

---

Ques # :83

حدیقۃ الحقیقت ہے؟

1) مرثیہ

2) مثنوی

3) تاریخ

4) ملفوظات

---

Ques # :84

اصناف شاعری کی کونسی صنف ہے، جس میں داستان بیان کی جاتی ہے؟

1) مرثیہ

2) غزل

3) مثنوی

4) قصیدہ

---

Ques # :85

بوستان سعدی کا موضوع ہے؟

1) تصوف

2) فلسفہ

3) اخلاق وحکمت

4) تاریخ

---

Ques # :86

تذکرۃ الاولیاء کا مصنف ہے؟

1) امام غزالی

2) عطّار

3) سنائی

4) جامی

---

Ques # :87

امیر خسرو کے دیوان کی مقدار ہے؟

1) چار

2) پانچ

3) تین

4) دو

---

Ques # :88

چہار چمن کا مصنف ہے؟

1) منشی مادھورام

2) لچھمی نرائن شفیق

3) چندر بھان برہمن

4) آنندرام مخلص

---

Ques # :89

فوائدالفواد ہے؟

1) تاریخ

2) تذکرہ

3) ملفوظات

4) مثنوی

Ques # :90

چندر بھان برہمن کس دور کا شاعر ہے؟

1) اکبر

2) جہانگیر

3) شاہجہان

4) اورنگ زیب

Ques # :91

کس شاعر نے اپنی حج کی سرگذشت مثنوی میں بیان کی ہے؟

1) نظامی گنجوی

2) خاقانی

3) سنائی

4) رومی

Ques # :92

ہندوستان میں تصوف کے موضوع پر لکھی جانے والی پہلی کتاب ہے؟

1) طبقات الصوفیہ

2) اسرار التوحید

3) کشف المحجوب

4) فوائد الفواد

Ques # :93

عرفی کس مغل بادشاہ کے زمانے میں ہندوستان آیا تھا؟

1)

بابر

2) جہانگیر

3) اکبر

4) شاہجہان

---

Ques # :94

”دروغِ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز“ معروف ضرب المثل ہے؟

1) بوستان

2) گلستان

3) نگارستان

4) بہارستان

---

Ques # :95

کس شاعر کو طوطیٔ ہند کہا جاتا ہے؟

1) عرفی

2) امیر خسرو

3) حسن دہلوی

4) سلمان

---

Ques # :96

کس شاعر کے اشعار U.N.O. کی عمارت پر لکھے ہیں؟

1) حافظ

2) سعدی

3) عمر خیام

4) فردوسی

---

Ques # :97

عمر خیام نے کس سلطان کے حکم سے تقویم کو ترتیب دیا تھا؟

1) جلال الدین ملک شاہ

2) سلطان طغرل

3) سلطان الپ ارسلان

4) سلطان سنجر

---

Ques # :98

فارسی کے کس شاعر کے دیوان سے فال نکالی جاتی ہے؟

1) مولانا رومی

2) خواجہ حافظ شیرازی

3) مولانا جامی

4) عطار

---

Ques # :99

عرفی کی شاعری کس سبک کی نمائندگی کرتی ہے؟

1) سبک بازگشت

2) سبک ہندی

3) سبک خراسانی

4) سبک عراقی

---

Ques # :100

بوستان سعدی کی بحر ہے؟

1) بحر رمل

2) بحر متقارب

3) بحر ہزج مسدس

4) بحر ہزج

Ques # :101

سلامان وابسال کا مصنف ہے؟

1) خسرو
2) جامی
3) نظامی
4) رشیدالدین فضل اللہ

Ques # :102

نفحات الانس کا مصنف ہے؟

1) خسرو
2) نظامی
3) جامی
4) حسن دہلوی

Ques # :103

جہانکشای جوینی کا موضوع

1) اخلاق
2) تاریخ
3) تصوف
4) طب

Ques # :104

ان میں سے کون درست نہیں ہے؟

1) خسرو۔ لیلیٰ و مجنون
2) حافظ۔ دیوان
3) سعدی۔ گلستان

4) نظامی۔ خمسہ

Ques # :105

درجاتِ توکل باب ہے

1) گلستان کا

2) کیمیائے سعادت کا

3) تذکرۃ الاولیا

4) اسرارالتوحید

Ques # :106

ہفت اورنگ کا مجموعہ ہے؟

1) قصاید کا

2) غزلیات کا

3) مثنویات کا

4) مکتوبات کا

Ques # :107

امیر خسرو کا معاصر

1) حسن دہلوی

2) نظیری نیشاپوری

3) مسعود سعد سلمان

4) غزالی مشہدی

Ques # :108

گریز کس کی اصطلاح ہے؟

1) غزل کی

2) قصیدہ کی

3) مرثیہ کی

4) مثنوی کی

---

Ques # :109

شبلی نے شاہنامہ کی کتنی خصوصیات بیان کی ہیں؟

1) دس

2) بارہ

3) آٹھ

4) چھ

---

Ques # :110

شاعر جو آذری زبان کے الفاظ استعمال کرتا تھا؟

1) فردوسی

2) خاقانی

3) سعدی

4) حافظ

---

Ques # :111

خیر المجالس میں مجالس کی تعداد ہے؟

1) 110

2) 115

3) 100

4) 107

---

Ques # :112

حسین واعظ کاشفی کی تالیف کا نام ہے؟

1)

اخلاقِ جلالی

2) اخلاقِ ناصری

3) اخلاقِ محسنی

4) اسرار التوحید

---

Ques # :113

خیام کے مدفن کے تعلق سے حکایت ملتی ہے؟

1) گلستان

2) چہار مقالہ

3) بوستان

4) کیمیای سعادت

---

Ques # :114

حالی کی جائے پیدائش:

1) دہلی

2) آگرہ

3) پانی پت

4) رامپور

---

Ques # :115

فردوسی کی جائے پیدائش؟

1) کاشان

2) مشہد

3) باژ

4) قم

---

Ques # :116

مدائن کس شاہی خاندان کا پایہ تخت تھا؟

1) ہخامنشی

2) ساسانی

3) غزنوی

4) صفوی

---

Ques # :117

کشف المحجوب کا مؤلف:

1) ابوالحسن غزنوی ہجویری

2) سنائی غزنوی

3) جلال الدین رومی

4) شیخ عطار

---

Ques # :118

سعدی نے تعلیم حاصل کی:

1) ہندوستان میں

2) اصفہان میں

3) بغداد میں

4) جرمنی میں

---

Ques # :119

''لسان الغیب'' لقب ہے؟

1) رومی کا

2) سعدی کا

3) حافظ کا

4)

فردوسی کا

---

Ques # :120

طویل داستان عموماً بیان کی جاتی ہے؟

1) غزل میں

2) مثنوی میں

3) قطعہ میں

4) ترکیب بند میں

---

Ques # :121

حافظ کو ہندوستان آنے کی دعوت دی؟

1) محمود شاہ بن حسن نے

2) عادل شاہ ثانی نے

3) جلال الدین خلجی نے

4) سکندر لودی نے

---

Ques # :122

سبک ہندی کا بانی

1) عرفی

2) نظیری

3) بیدل

4) خسرو

---

Ques # :123

آنند رام مخلص کی تالیف کا نام ہے؟

1) عود ہندی

2) تذکرہ میخانہ

3) تبصرۃ الناظرین

4) مراۃ الاصطلاح

---

Ques # :124

'ارمغان حجاز' کا شاعر ہے؟

1) اقبال

2) غالب

3) عرفی

4) صائب

---

Ques # :125

تو شب آفریدی چراغ آفریدم

سفال آفریدی ایاغ آفریدم

شاعر بیت فوق:

1) غالب

2) اقبال

3) بیدل

4) صائب

---

Ques # :126

نمی دہند اجازت مرا بہ سیر و سفر    نسیم خاک مصلیٰ و آب رکنا باد

مندرجہ بالا بیت کا شاعر ہے؟

1) جامی

2) خواجو کرمانی

3)

4) حافظ
عطار

---

Ques # :127

''غرة الکمال'' دیوان ہے؟

1) سعدی شیرازی کا

2) امیر خسرو کا

3) صائب تبریزی کا

4) کلیم کاشانی کا

---

Ques # :128

فارسی کا اہم قصیدہ گو شاعر:

1) خیام

2) اقبال

3) عبدالرحمٰن جامی

4) عنصری

---

Ques # :129

حافظ کے کلام پر اثر ہے؟

1) خواجو کرمانی کا

2) کمال الدین اصفہانی کا

3) فردوسی کا

4) عنصری کا

---

Ques # :130

فوائد الفواد کے لغوی معنی ہیں؟

1) کرامات کے فوائد

2)

روشنی قلب

3) فوائد قلب

4) زہد وتقویٰ

---

Ques # :131

سعدی کا ممدوح تھا؟

1) سلطان سنجر

2) ملک شاہ سلجوقی

3) علاء الدین خوارزمشاہ

4) اتابک ابوبکر بن سعد بن زنگی

---

Ques # :132

حافظ کی غزل کی اہم خصوصیت ہے؟

1) تصوف وعرفان

2) صنایع وبدایع

3) مشکل پسندی

4) عربی کا استعمال

---

Ques # :133

جامی کی نثری تالیف:

1) گلشن راز

2) اسرار التوحید

3) منطق الطیر

4) لوائح

---

Ques # :134

انوری کا پہلا تخلص تھا؟

1) ناصری

2) رشیدی

3) افضلی

4) خاوری

---

Ques # :135

ملفوظات کے معنی ہیں؟

1) شعراء کے مکتوبات

2) شاعری کی اصطلاحیں

3) عروض وقافیہ

4) صوفیا کے اقوال

---

Ques # :136

فردوسی نے شاہنامہ کا آغاز کس بادشاہ کے ذکر سے کیا ہے؟

1) ہوشنگ

2) فریدون

3) ایرج

4) کیومرث

---

Ques # :137

ابتدائی زندگی میں عطار کا پیشہ تھا؟

1) ستارہ شناسی

2) زراعت

3) دوافروشی

4) کتابت

---

Ques # :138

تذکرۃ الاولیا میں شامل صوفیا کی تعداد:

1) 96

2) 100

3) 98

4) 150

---

Ques # :139

رباعیات خیام کا مترجم:

1) آربری

2) نکلسن

3) فٹز جیرالڈ

4) رضازادہ شفق

---

Ques # :140

حالی شاگرد تھے؟

1) اقبال کے

2) غالب کے

3) مومن کے

4) بہادر شاہ ظفر کے

---

Ques # :141

نیشا پور سے تعلق ہے؟

1) خاقانی کو

2) سنائی کو

3) عطار کو

4) جامی کو

---

Ques # :142

داخلی شواہد کو نقد و تحقیق کی اساس بنایا؟

1) الطاف حسین حالی نے

2) شبلی نعمانی نے

3) حافظ محمود شیرانی نے

4) امیر خسرو نے

---

Ques # :143

مثنوی کے لغوی معنی کیا ہیں؟

1) چار چار

2) دو۔دو

3) ایک۔دو

4) دو چار

---

Ques # :144

حجتہ الاسلام امام غزالی کا پورا نام کیا تھا؟

1) ابو جعفر طوسی

2) ابو نصر طوسی

3) ابو علی فضل

4) ابو حامد محمد بن محمد بن احمد

---

Ques # :145

امیر خسرو کے والد کا کیا نام تھا؟

1) امیر سیف الدین

2) مصلح الدین

3) سیف اللہ

4) ابو سعید

Ques # :146

مفتاح الفتوح کہاں کے سلاطین پر لکھی گئی ہے؟

1) ایران

2) ہندوستان

3) عرب

4) افغانستان

Ques # :147

''عشق نامہ'' کس کی مثنوی ہے؟

1) سنائؔی

2) عطاؔر

3) خسرؔو

4) رومؔی

Ques # :148

سعدی کا مقامِ پیدائش کہاں ہے؟

1) طوس

2) نیشاپور

3) بلخ

4) شیراز

Ques # :149

آنندرام مخلص کس کے زمانہ میں تھا؟

1) جہانگیر

2) اکبرشاہ

3) اورنگ زیب

4)

محمد شاہ

---

Ques # :150

''گلدستہ'' کس کی تصنیف ہے؟

1) داراشکوہ

2) منشی مادھورام

3) تیج بھان

4) چندر بھان

---